علیہ السلام نے سینہ پاک کو چاک کر کے قلب مبارک نکالا اور زریں طشت میں آب زمزم سے غسل دیا اور نور و حکمت سے بھر کر اس کی جگہ پر رکھ دیا۔

(خزائن العرفان ص ۷۰۹)

فائدہ :

نور کا بھی کوئی سینہ ہوتا ہے یا کوئی کمر؟ پھر وہ بوجھ تلے آ کے دبتی بھی ہے؟ سینہ بھی ایسا' جس کو چاک کیا جائے' پھر اس میں سے دل نکلے' پھر اس کو دھویا جائے؟ دھو کر نور میں نور بھرا جائے؟ کیا یہ بشری خصائص ہوتے ہیں یا نورانی؟ جو نور تھا' اس میں نور کے بھرنے کے کیا معنی؟ وما علینا الاّ البلاغ!

شعر و ادب — مولانا عبدالرحمان عاجز

نماز

ہوتی ہے دور دل کی کثافت نماز سے
پاتے ہیں جسم و روح طہارت نماز سے

حاصل ہے اس نماز کو زینت جہان کی
ہوتی ہے جس مکان کی زینت نماز سے

مومن کے روح و دل کی غذا ہے نماز
مومن کے دل کو ملتی ہے لذت نماز سے

بے شک نماز دینِ نبی ﷺ کا ستون ہے
محکم ہے دینِ حق کی عمارت نماز سے

سو جرم سے بشر کو بچاتی ہے اک نماز
ہوتی ہے ترک ہر بری عادت نماز سے

خیر الامم ہے جس سے یہ امت' نماز ہے
یوں بے خبر ہے پھر بھی یہ امت نماز سے

(بقیہ بر صفحہ ۴۶)